Study Notes

Past Papers

Date Sheets

Gazettes

Guess Papers

Pairing Schemes

9th Class English Solved Notes Unit 5

Unit-5: Daffodils Solved Notes

Unit 5

DAFFODILS

William Wordsworth (1770 - 1850)

Learning Outcomes: تعلیمی ماحصل

By the end of this unit students will:
یونٹ کے اختتام تک طلباء

- recognize the poet's purpose and point of view
  شاعر کا مقصد اور نقطۂ نظر جان جائیں گے۔
- construct the meaning of the poem through understanding the key theme
  موضوع کا مرکزی خیال سمجھ کر نظم کے معنی بنا سکیں گے
- identify the speaker in the poem
  نظم میں مقرر کی شناخت کر لیں گے۔
- interpret the imagery in the poem
  نظم میں تصویری تشبیہات کی تشریح کر سکیں گے۔
- paraphrase the poem
  نظم کی سلیس کر سکیں گے۔
- summarize the poem following the summary skills
  خلاصہ کے ہنر پر عمل کرتے ہوئے نظم کا خلاصہ لکھ سکیں گے۔
- respond to the poem by giving a personal point of view
  ذاتی نقطۂ نظر کے ذریعے نظم کا جواب دے سکیں گے۔
- relate the context of the speaker in the poem to real life situation
  مقرر کے سیاق کو زندگی کی حقیقی صورت حال سے منسلک کر سکیں گے۔
- illustrate use of present and past participles
  اسم حالیہ Present Participle اور ماضی کی صفت فعلی Past Participle کے استعمال کی وضاحت کر سکیں گے

Pre-reading:

- **What is the picture about?**
  تصویر کس چیز کے بارے میں ہے؟

Ans. This picture is about daffodils.
یہ تصویر آبی نرگس کے بارے میں ہے۔

- **Have you ever seen daffodils"?**
  کیا آپ نے کبھی آبی نرگس دیکھے ہیں؟

Ans. Yes; I have seen daffodils grown in our School.
ہاں، میں نے اپنے سکول میں اُگے ہوئے آبی نرگس دیکھے ہیں۔

- **Do you know where daffodils grow?**
  کیا آپ جانتے ہیں کہ آبی نرگس کہاں اُگتے ہیں؟

Ans. Daffodils generally grow across Europe, Asia and Northern Africa. They mostly bloom in spring, though some varieties bloom in fall.

آبی نرگس کے پھول عام طور پر یورپ، ایشیا اور شمالی افریقہ میں اُگتے ہیں۔ وہ زیادہ تر موسم بہار میں کھلتے ہیں، تاہم کچھ اقسام موسم خزاں میں بھی کھلتی ہیں۔

> **For the Teacher:**
> - Conduct pre-reading activity to arouse students' interest in the topic.
>   موضوع میں طلباء کی دلچسپی پیدا کرنے کے لیے قبل از مطالعہ سرگرمی منعقد کرے
> - Make them predict from the title and illustration about the contents of the text.
>   عبارت کے مواد کے بارے میں عنوان اور وضاحت کی مدد سے ان سے اندازے لگوائے۔

TEXT

I wandered آوارہ پھرا lonely تنہا as a cloud That floats تیرتا on high o'er vales and hills, When all at once I saw a crowd ہجوم, A host, of golden سنہری daffodils; Beside the lake, beneath نیچے the trees, Fluttering جھومنا and dancing in the breeze.	میں اس بادل کی طرح تنہا پھر رہا تھا جو وادیوں اور بلندی پر تیرتا ہے، جبکہ اچانک میری نظر سنہری آبی نرگس کے پھولوں کے جھرمٹ پر پڑی جو جھیل کے پاس درختوں کے نیچے اُگے ہوئے تھے اور ٹھنڈی ہوا میں جھوم رہے اور رقص کر رہے تھے۔

Words			Synonyms	مترادفات	Antonyms	متضاد
Lonely(adj)	/'ləun.li/	لون لی	alone	تنہا	in company	محفل
Wander(v)	/'wɒn.dər/	وانڈر	move about	گھومنا پھرنا	stay	ٹھہرنا

Words	Pronunciation		Synonyms	مترادفات	Antonyms	متضاد
Vales(n)	/veɪlz/	ویلز	valleys	وادیاں		
Float(v)	/fləʊt/	فلوٹ	swim, move about	تیرنا	sink	تیرنا
Crowd(n)	/kraʊd/	کراؤڈ	gathering	ہجوم	single	واحد
Host(n)	/həʊst/	ہوسٹ	group, herd	جھرمٹ	meagre	بہت کم
Lake(n)	/leɪk/	لیک	lake	جھیل		
Beside(prep)	/bɪ'saɪd/	بی سائیڈ	by the side of	قریب	away	دور
Fluttering(v)	/ˈflʌt.ərɪŋ/	فلٹرنگ	moving lightly & quickly	پھڑپھڑاتے ہوئے	resting	آرام
Beneath(prep)	/bɪ'ni:θ/	بی نیتھ	below	نیچے	above	اوپر
Breeze(n)	/bri:z/	بریز	morning air	ہلکی ہوا		
Dancing(v)	/dɑ:nsɪŋ/	ڈانسنگ	moving	ناچتے ہوئے	rest	آرام کرنا

Reference: These lines have been taken from the poem "Daffodils" written by "Wordsworth".

Context: The poet sees daffodils growing on the bank of the lake. He is charmed by this sight. He recalls this sight and becomes happy.

Explanation/Paraphrase:- In these lines, the poet says that once he was walking alone in the countryside like a cloud which floats over valleys and hills. All of a sudden, he saw a large number of blooming daffodils. They were growing along the bank of the lake under the trees. They were moving to and fro in the breeze as if they were dancing.

Continuous as the stars that shine And twinkle ٹمٹمانا on the milkyway کہکشاں, They stretched پھیلے ہوئے in never ending line Along the margin کنارہ of a bay جھیل Ten thousand saw I at a glance نظر, Tossing ہلانا their heads in sprightly خوش کن dance.	وہ کہکشاں پر ٹمٹماتے اور چمکتے ستاروں کی مانند لاتعداد تھے۔ وہ جھیل کے کنارے کے ساتھ نہ ختم ہونے والی قطار میں اگے ہوئے تھے۔ میں نے ایک نگاہ میں دس ہزار پھول دیکھے جو خوشی کے رقص میں اپنے سر ہلا رہے تھے۔
How do you compare the daffodils with the stars? Ans. Daffodils are countless like the stars. They also twinkle like stars.	آپ آبی نرگس کا ستاروں سے کس طرح تقابل کرتے ہیں؟ آبی نرگس ستاروں کی طرح ان گنت ہیں۔ وہ بھی ستاروں کی طرح ٹمٹماتے ہیں۔

Words			Synonyms	مترادفات	Antonyms	متضاد
Twinkle(v)	/ˈtwɪŋ.kl/	ٹوئنکل	shine with a light	ٹمٹمانا	bedim	مدھم ہونا
Shine(v)	/ʃaɪn/	شائن	twinkle	چمکنا	darken	تاریک کرنا
Stretched(v)	/stretʃed/	سٹریچڈ	scattered	بکھرے ہوئے، پھیلے ہوئے	collected	جمع
MilkyWay(n)	/ˈmɪl.ki/ /weɪ/	ملکی وے	white path on sky	کہکشاں		
Margin(n)	/ˈmɑ:.dʒɪn/	مارجن	edge, bank	کنارہ	centre	مرکز
Along	/ə'lɒŋ/	اےلانگ	by the side of	ساتھ ساتھ	away	دور
Glance(n)	/glɑ:ns/	گلانس	look, eye	نظر		
Toss(v)	/tɒs/	ٹاس	move here & there	سر دھننا	stay	رکنا
Sprightly(adv)	/ˈspraɪt.li/	سپرائیٹ لی	splendidly	شاندار طریقے سے	unwillingly	بادل نخواستہ

Reference to the context: پہلے بند والا ہی۔

Explanation/Paraphrase:- In these lines, the poet says that daffodils were countless in number. They were like the stars shining in the milky way. They were spreading along the bank of the lake in a long line. At one glance, he estimated them ten thousand. They were swaying their heads. It seemed they were dancing.

The waves beside them danced; but they Out did بازی لے گئے the sparkling waves in glee خوشی, A poet could not be but gay, In such a jocund خوش باش company! I gazed دیکھنا and gazed but little thought, What wealth the show to me had brought:	لہریں ان کے قریب رقص کر رہی تھیں۔ لیکن وہ خوشی میں چمکتی لہروں سے بازی لے گئے۔ شاعر ایسی خوش باش صحبت میں خوش ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ میں بغیر سوچے انکی طرف دیکھتا رہا کہ اس منظر نے مجھے کیا دولت عطا کی ہے
How does the poet feel in the company of daffodils? Ans. The poet feels great joy and happiness in the company of daffodils.	آبی نرگس کی محفل میں شاعر کیسا محسوس کرتا ہے؟ شاعر کو پھولوں کی صحبت میں بہت خوشی محسوس ہوتی ہے۔

Words			Synonyms	مترادفات	Antonyms	متضاد
Waves(n)	/weɪvz/	ویوز	tides	لہریں		
Sparkling(adj)	/'spɑ:.klɪŋ/	سپارکلنگ	shining	چمکتی	bedim	مدھم پڑنا
Gay(adj)	/geɪ/	گے	glee, happy	خوش	sad	غم زدہ
Glee(adj)	/gli:/	گلی	gay	خوشی سے	sadly	غم سے
Out-did(v)	/aut/-/dɪd/	آؤٹ ڈڈ	surpassed	بازی لے گئے	follow	اطاعت کرنا
Gaze(v)	/geɪz/	گیز	glare	دیکھنا		
Jocund(adj)	/dʒɒkand/	جوکنڈ	cheerful	خوش باش	loathsome	قابل نفرت
Show(n)	/ʃəu/	شو	display	منظر	secrecy	راز

Reference to the context: پہلے بند والا ہی۔

Explanation/Paraphrase:- In these lines, the poet says that the waves were dancing near the daffodils but they surpassed the shining waves at such a happy company. The poet became very happy. He kept looking at the daffodils. He did not think about the wealth of happiness which the scene had given him.

For oft when on my couch بستر I lie In vacant or in pensive غمزدہ mood, They flash چمکنا upon that inward eye, Which is the bliss خوشی of solitude تنہائی; And then my heart with pleasure fills, And dances with the daffodils.	اب اکثر جب میں اپنے بستر پر خالی الذہن یا غمزدہ طبیعت سے لیٹتا ہوں۔ تو وہ اچانک میرے تصور میں آ جاتے ہیں، جو میری تنہائی میں خوشی بنتے ہیں۔اور پھر میرا دل خوشی سے معمور ہو جاتا ہے، اور آبی نرگس کے پھولوں کیساتھ جھومنے لگتا ہے۔

Words			Synonyms	مترادفات	Antonyms	متضاد
Pensive(adj)	/'pen.sɪv/	پین سِو	sorrowful, reflective	غمزدہ	gleeful	خوش کن
Flash upon(v)	/flæʃ/ /ə'pɒn/	فلیش اپون	shine	چمکنا	disappear	غائب ہونا
Inward(prep)	/'ɪn.wəd/	ان ورڈ	innerself	اندرون کی	outward	بیرونی
Solitude(n)	/'sɒl.ɪ.tju:d/	سولی چوڈ	loneliness	تنہائی	company	محفل
Pleasure(adj)	/'pleʒ.ər/	پلےژر	delight	خوشی	grief	غم
Fill(v)	/fɪl/	فِل	full of	بھر جانا	empty	خالی
Bliss(adj)	/blɪs/	بلس	happiness, glee	انتہائی خوشی	sadness	غم

Reference to the context: پہلے بند والا ہی۔

Explanation/Paraphrase:- In these lines, the poet says that whenever he lies in his bed in free or thoughtful mood, this sight comes before the eyes of his mind. It is a source of happiness in loneliness. Remembring this sight, his heart is filled with joy. He feels himself in their company. His heart begins to dance with joy.

Central Idea (مرکزی خیال)

The poet sees daffodils on the bank of a lake, he feels overjoyed. He impresses upon us that nature has a healing power. A lovely scene of nature can make us forget our worries. They transport us to the world of fancies. Whenever he feels sad, he recalls the scene of daffodils and his worries are suspended for the time being.

Summary I (عام طلباء کیلیے)

This poem is written by Wordsworth. Once, the poet saw some daffodils growing(اگے ہوئے) on the bank of a lake(جھیل). They were large in number. They were tossing(پھیلائے ہوئے) their heads in the breeze(ہلکی ہوا). They were shining like stars. The poet was very happy to see this sight(منظر). Whenever he is alone(تنہا) in his room, this sight comes before his eyes. He is delighted(خوش ہوتا). His heart begins to dance with joy. It has become a permanent source(ذریعہ) of happiness for him.

یہ نظم ورڈز ورتھ کی لکھی ہوئی ہے۔ایک دفعہ شاعر نے جھیل کے کنارے اُگے ہوئے آبی نرگس کے کچھ پھول دیکھے۔ وہ تعداد میں بہت زیادہ تھے۔ وہ نسیم سحری میں سر ہلا رہے تھے۔ وہ ستاروں کی طرح چمک رہے تھے۔ یہ منظر دیکھ کر وہ خوشی سے پھولا نہ سمایا۔ جب کبھی وہ کمرے میں تنہا ہوتا ہے تو یہ منظر اس کی آنکھوں کے سامنے آ جاتا ہے اور خوش ہو جاتا ہے۔ اس کا دل خوشی میں رقص کرنے لگ جاتا ہے۔ یہ اس کے لیے خوشی کا مستقل ذریعہ بن گیا ہے۔

Summary II (متوسط درجے کے طلباء کیلیے)

Once, Wordsworth was enjoying a countryside (دیہاتی علاقہ) trip(سیر). He saw some daffodils growing in cluster(جھنڈ) on the bank of a lake under the trees. They were thick(گھنے) and large in number. They were moving to and fro(ادھر ادھر) and tossing(ہلاتے ہوئے) their heads in the breeze. They were dancing and shining like stars in the sky. He was delighted(خوش ہوا) to see this charming(دلکش) sight(منظر). It left a lasting(دیرپا) and deep impression(اثر) on him. Whenever he is in pensive(سوچ میں) and reflective(غور و فکر والا) mood, he recalls(یاد کرتا) the sight and is overjoyed. He begins to dance in delight. His cares and worries(تفکرات) are suspended(معطل ہوتا) for the time being. It has become a permanent source(ذریعہ) of joy for him. He is spell bound (سحر زدہ ہوتا), when he recalls the sight and is transported to that golden moment.

ایک دفعہ ورڈز ورتھ دیہاتی علاقے میں سیر سے محظوظ ہو رہا تھا۔ اس نے جھیل کے کنارے درختوں کے نیچے جھنڈ کی شکل میں آبی نرگس کے پھول دیکھے۔ وہ گھنے اور تعداد میں بہت زیادہ تھے۔ وہ ادھر ادھر ہل رہے تھے اور ہوا میں سر ہلا رہے تھے۔ وہ ناچ رہے تھے اور آسمان کے ستاروں کی طرح چمک رہے تھے۔ وہ یہ دلکش منظر دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ اس نے اس پر دیرپا اور گہرا اثر چھوڑا۔ جب کبھی وہ سوچ میں ڈوبا ہوتا ہے تو وہ اس منظر کو یاد کرتا ہے اور خوش ہو جاتا ہے وہ خوشی میں رقص کرنے لگ جاتا ہے۔ اس کے تفکرات وقتی طور پر تحلیل ہو جاتے ہیں۔ یہ اس کے لیے مستقل خوشی کا ذریعہ بن گئے ہیں۔ جب وہ اس منظر کو یاد کرتا ہے تو وہ مسحور ہو جاتا ہے اور ان سنہری لمحات کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

Summary III (ذہین طلباء کیلیے)

Wordsworth is a poet and lover of nature. He says that nature has a healing power and daily communion(راز و نیاز) with nature can make us noble and wise. Nature can suspend our cares and worries for the time being. Most of Wordsworth's poems describe sights and beauty of nature.

On April 15, 1802, Wordsworth and his sister went to Eusermere to visit their relations. On their way back to Grasmere, he caught sightنظر پڑی of a large number of golden daffodils growing on the bankکنارہ of a lake in the lakeجھیل District. He was wonder struckحیرت زدہ to see the magicalجادوئی beauty of those daffodils which were flutteringپھڑ پھڑاتا and dancing in breezeنسیم سحری. Inspired by this spectacleمنظر, he composed this poem in 1804 which was published in 1807.

This poem is a pleasant(خوشگوار) experience of the poet's life. He is walking in the countryside in the valleys and among the mountains. He happens to come across a large number of daffodils growing along the bank of a lake under the trees. They are fluttering and dancing in the breeze and shining like the stars in the milky way(کہکشاں). In the nearby lake, the waves are dancing with wind sparkling because of the sun-rays falling upon them. But the beauty of daffodils is so magical that it surpassesسبقت لے جاتا the beauty of dancing and sparkling waves as he says:

"The waves beside them danced; but they
Out did the sparkling waves in glee."

They are moving to and fro and tossing their heads in the breeze joyously. He is spell bound(سحر زدہ ہونا) and keeps gazing(گھور کر دیکھنا) at them for a long time. He is unaware(بے خبر) of the spell(جادو) which the flowers have cast upon him. He leaves the place filled with great happiness. In later life, whenever he is dejected(افسردہ) and forlorn(رنجیدہ), he recalls the same scene before the eyes of his imagination(تخیل). The fever and fret(تفکرات) of life are suspended(ختم ہونا) for the time being and he is lost in the world of beautiful images(تصورات) and thoughts.

At the start, the mood of the poet is of loneliness تنہائی and sadness غم. He does so by comparing himself with a single cloud as:

"I wandered lonely as a cloud"

As the poem progresses, this mood changes into happiness. He mentions the joy and the wealth that daffodils have brought him thus:

"And then my heart with pleasure fills,
And dances with the daffodils."

The poem has a set rhyme scheme قافیہ بندی and a constant مستقل structure بناوٹ. It consists مشتمل ہونا of four stanzas of six lines with roughly بمشکل eight syllables ارکان تہجی in each line.

For the Teacher:

- While-reading activity may be conducted to interact with the text. More while-reading questions may be asked.
  عبارت کے تعامل کی خاطر پڑھائی کے دوران سرگرمی منعقد کریں۔ مزید سوالات بھی پوچھے جائیں۔
- Recite the poem with proper stress and intonation and note how reading poetry is different from reading prose.
  مناسب اتار چڑھاؤ اور لہجے سے نظم پڑھیں اور دیکھیں کہ شاعری نثر پڑھنے سے کس طرح مختلف ہے۔
- Explain the use of figurative language and literary techniques such as simile and personification.
  تشبیہ اور تجسیم جیسی ادبی اصطلاح اور علم الکلام کا استعمال واضح کریں۔
- Tell the students about the use of semicolon (;) and exclamation mark(!).
  طلباء کو Semicolon اور Exclamation mark کے بارے میں بتائیں۔

Notes and Comments:

William Wordsworth was born at Cockermouth in Cumberland, on April 7th, 1770. His passion for Nature is well known. That is why; he is referred to as the poet of nature. Wordsworth is a true worshipper and ardent lover of nature. It was a creed for him. According to him, nature is a teacher and preacher. In this poem, the poet has presented before us the healthy, ennobling, purifying and enduring impact of nature on human beings.

Some of the famous poems by Wordsworth to be read and enjoyed are;
To the Cuckoo, Lucy Grey, The World is too Much with Us, The Two April Mornings, It is a Beauteous Evening, Solitary Reaper, We are Seven.

ورڈز ورتھ 17 اپریل 1770 کو کمبر لینڈ میں کاکر ماؤتھ کے مقام پر پیدا ہوا۔ اس کا فطرت کا عشق مشہور ہے۔ اسی لیے اسے شاعر فطرت کہا جاتا ہے۔ ورڈز ورتھ فطرت کا سچا اور پرجوش عاشق ہے یہ اس کا مذہب تھا۔ اس کے مطابق فطرت ایک استاد اور مبلغ ہے اس نظم میں اس نے انسانوں پر فطرت کا صحت بخش، عظیم، پاکیزہ کن اور برداشت کن اثر پیش کیا ہے۔ ورڈز ورتھ کی قابل مطالعہ اور لطف انگیز نظمیں درج ذیل ہیں۔

Theme: موضوع / نفس مضمون

We probably have some moments in our life that we replay in our memory - images to which photographs or videos cannot do justice because they cannot capture our feeling. In this poem, William Wordsworth captures both the images and feelings concerned to a special moment in his life. The poem is a tribute to

nature and its manifestations in all its glory. It beautifully presents before us not only the attractive and exciting beauty of nature but also the purifying and enduring impact of it on human beings.

ہماری زندگی میں کچھ لمحات ہوتے ہیں جنہیں ہم اپنی یاد میں دوبارہ چلاتے ہیں۔ ایسی لفظی تصویریں جن کے ساتھ فوٹو اور وڈیو انصاف نہیں کر سکتے کیونکہ وہ ہمارے احساس کا تو احاطہ نہیں کر سکتے۔ اس نظم میں ولیم ورڈز ورتھ اپنی زندگی میں لفظی تصویروں اور احساسات کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ نظم فطرت کو خراج تحسین ہے اور اس کی شان و شوکت کے ساتھ اس کا اظہار ہے۔ یہ ہمارے سامنے نہ صرف فطرت کا پرکشش اور پرجوش حسن پیش کرتی ہے بلکہ انسانوں پر اس کا پاکیزہ کن اور برداشت کن اثر بھی پیش کرتی ہے۔

Glossary:

fluttering	moving in the air, flying	ادھر ادھر یا اوپر نیچے ہونا، پھڑ پھڑانا
glee	joy, happiness	خوشی
host	in large number	جھنڈ، کثیر تعداد
jocund	happy	خوش کن۔ خوش
twinkle	shine with a light that keeps changing from bright to faint, and from faint to bright	ٹمٹمانا
pensive	thoughtful	فکرمند، اداس
solitude	pleasant loneliness	تنہائی

Oral Activity:

Form groups and discuss the following. گروپ بنا کر درج ذیل پر بحث کریں۔

- What have you understood and what you think is the message in the poem? Discuss various aspects of nature as described in the poem.

تم کیا سمجھے ہو اور تمہارے خیال میں نظم کا پیغام کیا ہے؟ جس طرح نظم میں بیان کیا گیا ہے فطرت کے مختلف پہلوؤں پر بحث کریں۔

Ans. See the summary of the poem.

- Work in pairs to prepare a **presentation** on the topic of "Daffodils". In your presentation, read Wordsworth's poem aloud to the class and explain your feelings.

Daffodils کے عنوان پر جوڑوں کی شکل میں استحضار تیار کرنے کے لئے کام کریں۔ استحضار میں کلاس میں نظم بلند آواز میں پڑھیں اور اپنے احساسات کی وضاحت کریں۔

Guidelines to prepare presentation

Content مواد	Presentation استحضار
Provide adequate background of the topic موضوع کا مناسب پس منظر پیش کریں۔ Explore topic in sufficient depth مناسب گہرائی کے ساتھ عنوان تلاش کریں۔ Appropriate conclusion. مناسب اختتام	Introduction of the topic briefly and clearly. موضوع کا مختصر مگر صاف صاف تعارف Supporting facts, examples متعلقہ حقائق، مثالیں Confidence. ضبط نفس، اعتماد
Organization تنظیم State objectives well مقاصد خوب بیان کریں۔ Cover major areas of the topic عنوان کے مرکزی حصوں کا احاطہ کریں۔ Organize presentation in a proper sequence مناسب تشکیل کے ساتھ استحضار منظم کریں۔ Manage time well وقت کا خوب بندوبست کرو۔	**Style** انداز Speak with confidence and alertness اعتماد اور چستی سے بات کریں Proper use of audio/visual aids سمعی و بصری اعانات کا مناسب استعمال Use body language جسم کا بطور زبان استعمال Conduct question/answer session سوال جواب سیشن منعقد کریں

Comprehension تفہیم سبق

A. Answer the following questions. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔

1. What is the central idea of the poem?

Ans. The poet sees daffodils. He impresses upon us that nature has a healing power. A lovely

scene of nature can make us forget our worries for the time being and transport us to the world of fancies. Whenever he feels sad, he recalls the scene of daffodils and his worries are suspended for the time being.

شاعر آبی نرگس دیکھتا ہے۔ وہ ہمیں ذہن نشین کراتا ہے کہ فطرت میں زخموں کو مندمل کرنے کی طاقت ہے۔ فطرت کا خوبصورت منظر ہمیں ہمارے تفکرات بھلا کر ہمیں تصورات کی دنیا میں لے جاتا ہے۔ جب بھی وہ غمزدہ ہوتا ہے وہ آبی نرگس کا منظر یاد کرتا ہے اور اس کے تفکرات وقتی طور پر معطل ہو جاتے ہیں۔

2. What do the daffodils represent in the poem? نظم میں آبی نرگس کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں؟

Ans. They represent the agent or source that provides us delight and relieves us of the tension and strain of life. They symbolize the beginning of spring.

وہ ایسے ایجنٹ یا ذریعہ کی نمائندگی کرتے ہیں جو ہمیں خوشی مہیا کرتے ہیں اور ہمیں زندگی کے تناؤ سے نجات دلاتے ہیں۔ وہ موسم بہار کے آغاز کی علامت ہیں۔

3. What "Wealth" do memories of the scene give to the poet? منظر کی یادیں شاعر کو کونسی دولت مہیا کرتے ہیں؟

Ans. Memories of the scene give to the poet the wealth of happiness. Whenever, he recalls the scene, he is pleased. His heart begins to dance in delight.

منظر کی یادیں شاعر کو خوشی کی دولت مہیا کرتی ہیں۔ جب بھی اسے وہ منظر یاد آتا ہے تو وہ خوش ہو جاتا ہے۔ خوشی کی انتہا میں اس کا دل رقص کرنے لگتا ہے۔

4. List the words that heighten the sound effect in the poem. ان الفاظ کی فہرست بنائیں جو نظم میں صوتی اثر اجاگر کرتے ہیں۔

Ans. Fluttering, dancing, stretched, tossing, waves, sparkling, sound, gaze, show, flash, bliss, pleasure, fills, jocund company.

5. How has the poet heightened the impact of the poem by using the figurative language?

علم الکلام استعمال کر کے شاعر نے کس طرح نظم کی تاثیر اجاگر کی ہے؟

Ans. The poet has used similes and metaphors in this poem. These figures of speech enhance the beauty and charm of the poem. The figurative language is as, "they stretched in never ending line" and "ten thousand saw I at a glance."

اس نظم میں شاعر نے تشبیہات اور استعارے استعمال کیے ہیں۔ یہ علم الکلام نظم کا حسن اور چاشنی بڑھاتے ہیں۔ تمثیلی زبان اس طرح سے ہے "وہ نہ ختم ہونے والی قطار" اور "ایک نظر میں دس ہزار دیکھے۔"

For the Teacher :

Help students create and deliver class presentation on the topic by following the guidelines given above.

مذکورہ بالا خطوط کی مدد سے استحضار بنانے اور کلاس میں پیش کرنے میں طلباء کی مدد کرے۔

Figures of Speech

علام الکلام (تمثیلی، مجازی زبان)

Simile

تشبیہ

A simile is a figure of speech in which **like** or **as** is used to make a comparison between two ideas that are basically dissimilar e.g.

تشبیہ ایسا علم الکلام ہے جس میں like یا as دو خیالات میں تقابل کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں جو کہ بنیادی طور پر متضاد ہوتے ہیں۔

A. Her eyes twinkled like stars.

اس کی آنکھیں ستاروں کی طرح ٹمٹماتی تھیں۔

B. She was as busy as a bee.

وہ شہد کی مکھی کی طرح مصروف تھی۔

Metaphor

مجاز، کنایہ، استعارہ

If we write a comparison between two things and omit the word 'like,' then" we are using a metaphor; **e.g.**

اگر ہم دو چیزوں میں تقابل پیش کریں اور لفظ like حذف کر دیں تو ہم استعارہ استعمال کر رہے ہیں ہوتے ہیں۔ مثلاً

a. He proved a lion in the fight.

لڑائی میں وہ شیر ثابت ہوا۔

b. His heart is red, red rose.

اس کا دل سرخ گلاب کی طرح سرخ ہے

Personification

تجسم، تجسیم کا عمل

It is a figurative language technique where an object or idea is given human characteristics or qualities.

یہ علم الکلام کا طریقہ ہے جس میں کسی چیز یا خیال کو انسانی خوبیاں دی جاتی ہیں۔

a. The candle flame **danced** in the dark.

موم بتی کے شعلے نے تاریکی میں رقص کیا۔

b. The sunflowers **nodded** in the wind. سورج مکھی ہوا میں جھولے لیتے تھے۔

Imagery
خیال آفرینی / تصویری تشبیہات / تمثیل

Imagery is the construction of details used to create mental images in the mind of the reader through the visual sense as well as the senses of touch, smell, taste or sound.

Imagery تمثیلات بناتا ہے جو قاری کے ذہن میں لفظی تصاویر پیدا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ کام حس بصارت اور اسی طرح لمس، حس شامہ، قوت ذائقہ اور سامعہ وغیرہ کے ذریعے ہوتا ہے۔

Examples of imagery: خیال آفرینی / تصویری تشبیہات کی مثالیں

Visual (دیکھنے کی حس) بصری -huge trees in the thick and dark forest

Auditory (سننے کی حس) سمعی -the rustling of leaves پتوں کا سرسرانا

Smell (سونگھنے کی حس) شامہ -scent of apples سیبوں کی خوشبو

Taste (چکھنے کی حس) ذائقہ -sweet and juicy oranges میٹھے رس بھرے سنگترے

Touch (چھونے کی حس) لمس -rugged and rough path سنگلاخ اور دشوار رستہ

نوٹ: تفصیل کے لیے گرامر کے حصے میں A Few Figures of Speech ملاحظہ کریں۔

B. In "Daffodils" similes are used in stanzas 1 and 2. Can you tell what two things are compared to in each of these stanzas?

Daffodils کے بند نمبر ایک اور دو میں تشبیہات استعمال کی گئی ہیں۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ان دو بندوں میں کن دو چیزوں کا تقابل کیا گیا ہے؟

Ans. In the first stanza "I" has been compared with a "cloud." In the second stanza, daffodils have been compared with stars. So, there is one simile in each stanza.

پہلے بند میں "I" کا Cloud سے تقابل کیا گیا ہے دوسرے بند میں Daffodils کا Stars سے تقابل کیا گیا ہے اس طرح ہر بند میں ایک تشبیہ ہے۔

C. Pick out one example of personification from the poem. نظم سے تجسیم کی ایک مثال چنیں۔

Ans.i. "The waves beside them dance". Here waves have been personified. ii. "Fluttering and dancing in the breeze." Here, daffodils have been personified. They dance in the breeze.

For the Teacher:

- Help students analyze how a poet uses language to appeal to the senses through use of figurative language including similes and metaphors and creates imagery.
  طلباء کی تجزیہ کرنے میں مدد کریں۔ شاعر علم الکلام جس میں تشبیہات اور استعارے شامل ہوتے ہیں کس طرح کی زبان استعمال کرتا ہے تا کہ وہ احساسات کو اپیل کرے اور کس طرح تمثال پیش کرتا ہے۔
- Help them recognize literary techniques such as personification.
  ادبی اسلوب مثلاً تجسیم وغیرہ پہچاننے میں ان کی مدد کریں۔

D. Here is a list of few Similes, Metaphors and Personifications. Can you identify them? Write 'S' for Simile, 'M' for Metaphor and 'P' for Personification.

ذیل میں تشبیہات، استعارات اور تجسیم کی فہرست ہے۔ کیا آپ ان کی شناخت کر سکتے ہیں؟ Simile کے لیے 'S' اور Metaphors کے لیے 'M' اور Personification کے لیے 'P' لکھیں۔

time is money وقت سرمایہ ہے	M	the apple of my eye میری آنکھ کا تارا	M
as busy as a bee اتنا مصروف جتنا شہد کی مکھی	S	as cunning as a fox لومڑی کی طرح مکار	S
The wind whispered the rumors of the forest. ہوا نے جنگل کی افواہیں سرگوشی میں بتا دیں	P	Brown grass was begging for water. خاکی گھاس پانی کے لئے التجا کر رہی تھی	P
as gentle as a lamb میمنے کی طرح شریف	S	as wise a an owl الو کی طرح عقلمند	S
The sorry engine wheezed its death cough. خراب ہوتا انجن آخری بار کھانسا	P	blanket of snow برف کی چادر - برف کا کمبل	M
the heart of lion شیر کا دل	M	as black as a crow کوے کی طرح سیاہ	S

E. Underline the words and phrases that depict clear imagery in the poem.

نظم میں واضح تصویری تشبیہات پیش کرنے والے الفاظ یا جملے خط کشیدہ کریں۔

1. I wandered lonely as a cloud
2. Fluttering and dancing in the breeze
3. Continuous as the stars that shine
4. Tossing their heads in sprightly dance
5. The waves beside them dance
6. They flash upon my inward eye
7. Heart dances with the daffodils.

F. Which imagery the poet refers to in the poem?

شاعر نے نظم میں کونسی تصویری تشبیہ پیش کی ہے؟

Ans. The poet refers to visual imagery in the poem.

شاعر نے نظم میں بصری تشبیہ پیش کی ہے۔

Vocabulary

A. Use a thesaurus to find three more synonyms to the following words.

درج ذیل الفاظ کے مزید تین تین مترادف تلاش کرنے کے لیے تھیسارس استعمال کریں۔

Saw	glance	gaze	behold	look	stare
Shine	twinkle	sparkle	beam	blink	glisten

For the Teacher:
Help students explore the use of synonyms with varying shades of meaning used for various purposes. Ask them to consult dictionary to know its literal meaning.

مختلف مقاصد کے لیے مختلف ضمنی معنی والے مترادفات کا استعمال کرنے میں طلباء کی مدد کریں۔ اس کے لفظی معنی جاننے کے لیے انہیں ڈکشنری دیکھنے کو کہیں۔

Connotation تعبیر، تضمین، مفہوم

Connotation means the attitude and feeling associated with a word as opposed to its literal meaning. for example.

Connotation کا مطلب کسی لفظ کے لفظی معنی کے برعکس اس سے منسلک رویہ اور احساس ہیں۔

Solitude: تنہائی a positive connotation

Lonely: تنہا a negative connotation

B. Specify positive and negative connotation of each of the following.

درج ذیل پر ایک مثبت اور منفی مفہوم مخصوص کریں۔

a.	gaze: نظر جما کر دیکھنا	Look fixedly: positive connotation
	stare: گھورنا	Look fixedly: negative connotation
b.	shine: چمکنا	Light: positive connotation
	glare: غصہ سے دیکھنا	Look angrily: negative connotation
c.	hoard: ذخیرہ کرنا	Store: negative connotation
	collect: جمع کرنا	Collect: positive connotation

C. Use the above given words given in activity B in sentences of your own.

a.	gaze: نظر جما کر دیکھنا	I gazed at the beautiful scene of nature.
b.	stare: گھورنا	Do not stare at the girls in their faces.
a.	shine: چمکنا	The moon is shining.
b.	glare: غصہ سے دیکھنا	Glare of snow does not appeal to the eyes.
a.	hoard: ذخیرہ کرنا	Hoarding food is a crime.
b.	collect: جمع کرنا	We collected data about literacy rate.

Grammar

Read me first پہلے مجھے پڑھیے

KINDS OF NOUN

Noun کی پانچ قسمیں ہوتی ہیں۔

(i) Proper Noun (اسم معرفہ) (ii) Common Noun (اسم نکرہ)
(iii) Collective Noun (اسم جمع) (iv) Material Noun (اسم مادہ) (v) Abstract Noun (اسم مجرد)

Proper Noun (i) (اسم معرفہ)
جو لفظ کسی خاص جگہ، خاص شخص، مقام یا خاص چیز کو ظاہر کرے یعنی وہ نام جو ہر ایک کو نہ دیا جا سکے۔ مثلاً
The Holy Quran, Multan, Asia, Anwar, Suzuki.
نوٹ۔ اسم معرفہ کا پہلا حرف ہمیشہ Capital لکھا جاتا ہے۔ مثلاً

(ii)- Common Noun (اسم نکرہ)
جو لفظ کسی عام شخص، عام جگہ یا عام چیز کو ظاہر کرے۔
Village(گاؤں), boy(لڑکا), car (کار), country (ملک), city (شہر), deer(ہرن), sheep(بھیڑ), flower (پھول), etc.

(iii)-Collective Noun(اسم جمع)
ایک جیسی چیزوں یا اشخاص کا مجموعہ جس کو بطور اکائی شمار کیا جائے۔ مثلاً
Nation (قوم), army (فوج), team (ٹیم), class (جماعت), committee (کمیٹی), jury(پنچایت) etc.

(iv)-Material Noun(اسم جنس یا مادہ)
ایسے خام مادے کا نام جس سے بہت سی دوسری اشیاء بنتی ہوں۔ مثلاً
Silver (چاندی), iron (لوہا), gold (سونا), wood (لکڑی), flour (آٹا), milk (دودھ) plastic (پلاسٹک),etc

(v)- Abstract Noun (اسم مجرد)
ایسی چیز جس کا ٹھوس وجود نہ ہو لیکن اس کا تصور ہمارے ذہن میں آئے۔ لہذا اسم اس کو نہ دیکھ سکتے ہیں نہ چھو سکتے ہیں بلکہ تصور کر سکتے ہیں اور سوچ سکتے ہیں۔ مثلاً
Foolishness(بیوقوفی), wisdom(عقلمندی), honesty(ایمانداری), pleasure(خوشی) Joy(خوشی), pain(درد), sorrow(دکھ),
love(محبت), death(موت), beauty(حسن), laughter(ہنسی), youth(جوانی),
childhood(بچپن), advice(نصیحت), information(معلومات), work(کام), business(کاروبار)

Collective Nouns (اسمائے جمع)

A singular noun, such as **committee** or **team,** that refers to a group of people, animals or things is called Collective Noun. **For example.**

کمیٹی یا ٹیم جیسا واحد اسم جس کا اشارہ لوگوں کے گروہ، جانوروں یا چیزوں کی طرف ہو Collective Noun کہلاتا ہے۔ مثلاً

Crowd in this poem refers to a collection or a large number of daffodils.

اس نظم میں Crowd کا اشارہ ایک مجموعے یا daffodils کی بہت بڑی تعداد کی طرف ہے۔

A. Write the collective nouns of the following. درج ذیل کے اسماء جمع لکھیں۔

a. a collection of ships **(Fleet)**
b. a collection of singers **(Band, Chorus)**
c. a collection of cattle **(Herd)**
c. a collection of soldiers **(Army)**

For the Teacher:
Help students analyze how a poet uses language to affect meaning through use of synonyms with different connotations.
طلباء کی تجزیہ کرنے میں مدد کریں کس طرح شاعر مختلف مفہوموں کی مدد سے مترادفات کے استعمال سے زبان استعمال کرتا ہے۔
Demonstrate the use of **collective nouns.**
اسم جمع کا استعمال واضح کریں۔

B. Underline prepositions of place in the poem.
Ans. On, At, In, With, Along, Besides, Beneath etc.

C. Use the following prepositions in sentences of your own.
Behind, beside, next to, under,. over, along, across

i. Behind : پیچھے He was sitting behind me. وہ میرے پیچھے بیٹھا تھا۔
ii. Beside: کے قریب The baby is sitting beside his mother. بچہ ماں کے پہلو میں بیٹھا ہے۔
iii. Next to: اگلا Who is next to Ahmad in the line. قطار میں احمد سے اگلا کون ہے۔

iv. Under: نیچے — The dog is sitting under the table. — کتا میز کے نیچے بیٹھا ہے۔
v. Over : اوپر — He walked over the fields. — وہ کھیتوں کے اوپر اوپر چلا۔
vi. Along : ساتھ — Come along me. — میرے ساتھ ساتھ آؤ۔
Vii Across: آر پار — We swam across the river. — ہم دریا کے آر پار تیرے۔

(نوٹ: تفصیل کے لئے گرامر کا حصہ ملاحظہ فرمائیں۔)

Conjunctions حروف عطف

Conjunctions join words and sentences. There are two kinds of conjunctions.

حروف عطف الفاظ اور جملوں کو ملاتے ہیں۔ حروف عطف کی دو اقسام ہیں۔

Type قسم	Functions عمل	Examples مثالیں
Coordinating Conjunctions ہم پلہ حروف عطف	These conjunctions join sentences of equal rank. یہ حروف عطف ہم مرتبہ جملوں کو ملاتے ہیں۔	but, or, nor, either, also, however, only, so, hence
Subordinating Conjunctions ماتحت حروف عطف	These conjunctions join sentences, one of which is dependent on the other. یہ حروف عطف ایسے جملوں کو ملاتے ہیں جن میں سے ایک دوسرے پر منحصر ہوتا ہے۔	because, that, while, unless, as, when, since, if, though

D. Fill in the blanks with appropriate conjunctions. مناسب حروف عطف سے خالی جگہ پر کریں۔

1. He ran fast _________ he missed the train. **(but)**
2. Wait _________ I return. **(till)**
3. Work hard _________ you should fail. **(or, lest)**
4. I did not come _________ you did not invite me. **(because)**
5. You will get a prize _________ you deserve it. **(if, as)**

E. Use any five coordinating conjunctions and any five subordinating conjunctions in sentences of your own. کوئی سے پانچ ہم پلہ اور پانچ ماتحت حروف عطف اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

1. He neither came nor helped me. **(coordinating).**
2. He refused to go with me however he guided me about the path. **(coordinating)**
3. He did not work hence he failed. **(coordinating)**
4. He worked hard so he passed. **(coordinating)**
5. Either Anwar or Aslam came here. **(coordinating)**
6. I shall help him because he is poor. **(subordinating)**
7. I shall help him if he comes. **(subordinating)**
8. He said that the earth is round. **(subordinating)**
9. Ali worked while Naseem was playing. **(subordinating)**
10. He failed though he worked hard. **(subordinating)**

For detail, consult the portion on Grammar. (تفصیل کے لیے ملاحظہ کریں حصہ گرامر)

Use of Present and Past Participles (اسم حالیہ اور ماضی کی صفت فعلی کا استعمال)

Participle (صفت فعلی)

A participle is a verb form used as an adjective to modify nouns and pronouns.

صفت فعلی ایسا verb ہے جو بطور adjective استعمال ہو کر Noun یا Pronoun کی وضاحت کرتا ہے۔

Present Participle (اسم حالیہ)

All present participles end in **-ing:** سب present participles ing پر ختم ہوتے ہیں۔

the laughing lady — the falling temperature — the stinging remark

Past Participle (ماضی کی صفت فعلی)

The past participles of all regular verbs end in **-ed:**

ریگلر verbs کے past participles سب ed پر ختم ہوتے ہیں۔

the tired dancer   the injured player   the cracked vase

However, irregular verbs have various past participle endings (such as thrown, ridden, built, and gone)

تاہم بے قاعدہ افعال کے Past Participles کا اختتام مختلف ہوتا ہے۔

G. Underline the Participles in the following sentences.

درج ذیل جملوں میں صفت فعلی خط کشیدہ کریں۔

1. He was so shocked after the accident that he could not speak. **(Past Participle)**
حادثے کے بعد اسے اس قدر صدمہ تھا کہ وہ بول نہ سکا۔
2. The galloping horse scared the child. **(Present Participle)**
سرپٹ دوڑتے گھوڑے نے بچے کو خوفزدہ کر دیا۔
3. I don't want that burnt toast. **(Past Participle)**
مجھے وہ جلا ہوا توش نہیں چاہیے / میں جلا ہوا توش نہیں چاہتا ہوں۔
4. Don't be frightened. That dog doesn't bite. **(Past Participle)**
ڈرو مت کتا تمہیں نہیں کاٹتا۔
5. The lorry was carrying stolen goods. **(Present Participle)**
لاری چوری کا سامان اٹھائے ہوئی تھی۔
6. Everybody was excited preparing the things for the trip. **(Past Participle)**
سیر کی چیزیں تیار کرتے ہوئے ہر شخص پرجوش تھا۔
7. If the children are bored, take them to the park? **(Past Participle)**
اگر بچے اکتائے ہوئے ہیں تو آپ انہیں پارک کیوں نہیں لے جاتے؟

H. Make five sentences using Present Participles and five sentences using Past Participles.

A. 1. Feeling tired, he laid his work aside.
تھکاوٹ محسوس کر کے اس نے کام ایک طرف ڈال دیا۔
2. The news of his death is shocking to us.
اس کی موت کی خبر ہمارے لئے صدمہ کن ہے۔
3. Reaching home I shook hands with my friends.
گھر پہنچ کر میں نے دوستوں سے ہاتھ ملائے۔
4. Reading the telegram he lost his wits.
تار پڑھ کر اس کے ہوش اڑ گئے۔
5. Writing an essay, he went to school.
مضمون لکھ کر وہ سکول چلا گیا۔

B. 1. The ruined building shocked us.
خستہ حال عمارت نے ہمیں دکھ دیا۔
2. Once bitten, wise shy.
دودھ کا جلا، چھاچھ بھی پھونک کر پیتا ہے۔
3. The bored students were taken to the play ground.
اکتائے ہوئے طلبہ کو کھیل کے میدان میں لے جایا گیا۔
4. We feel excited at your success.
آپ کی کامیابی پر ہم پرجوش ہیں۔
5. The cracked vase was still captivating.
ٹوٹا ہوا برتن اب بھی پرکشش تھا۔

For detail, consult the portion on Grammar.
تفصیل کے لیے حصہ گرامر ملاحظہ فرمائیں۔

For the Teacher:

- Help students make and use Present and Past Participles as adjectives.

Writing Skills

Paraphrasing تشریح یا سلیس

Paraphrasing is re-writing a poet's utterances or ideas in one's own words without altering the sense of the original. Thus a stanza takes the shape of prose. It is of the same length as the original because the purpose is to re-phrase without going into any unnecessary details.

سلیس کسی شاعر کے الفاظ یا خیالات کے مفہوم میں تبدیلی کیے بغیر اپنے الفاظ میں دوبارہ لکھنا ہے۔ اس طرح stanza (بند) نثر کی شکل اختیار کر جاتا ہے۔ اس کی لمبائی اصل جتنی ہوتی ہے کیونکہ مقصد تفصیلات میں جائے بغیر دوبارہ لکھنا ہوتا ہے۔

A. Paraphrase last the stanza of the poem.
نظم کے تمام stanzas (بند) کی تشریح/سلیس کریں

Ans. See the Paraphrase of last stanza.

Summary Writing خلاصہ لکھنا

A summary is a shorter (condensed) version of an oral, visual or written text. Following four

basic steps in preparing a summary providing a logical and organized approach to the process of summary writing.

خلاصہ ایک مختصر (لکھا ہوا) اور مختلف الفاظ میں کسی زبانی، بصری، یا تحریری عبارت کا نسخہ ہوتا ہے۔ خلاصہ لکھنے کے عمل میں درج ذیل چار بنیادی اقدام خلاصہ تیار کرنے کو منطقی اور منظم انداز فراہم کرتے ہیں۔

Reading: پڑھائی

A good summary depends to a large extent on good reading, to understand the original text.

اچھے خلاصے کا کافی حد تک انحصار اصلی عبارت کو اچھی طرح پڑھنے اور سمجھنے پر ہے۔

Outlining: خاکہ

Outlining involves, making notes that may help you compose a summary such as noting author's purpose, topic sentence, supporting details, and main idea.

خاکے میں نوٹس بنانا سمری لکھنے میں مددو ینا شامل ہوتا ہے جیسا کہ مصنف کا مقصد، عنوانی جملہ متعلقہ تفصیلات اور مرکزی خیال کا نوٹ کرنا۔

Checking: جائزہ At this stage, the accuracy of outline notes is judged by comparing them with the original passage. Necessary changes can be made in it at this stage.

اس مرحلہ پر خاکے کے نوٹس کا اصلی پیرگراف کے ساتھ تقابل کر کے خاکے کی درستی کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ اس مرحلہ پر ضروری تبدیلیاں بھی ہو سکتی ہیں۔

Writing: تحریر

At this stage, a few necessary changes, if any, are made. A review of the summarized version is important to make the summary accurate, fluent, and error free.

اس مرحلہ پر چند ایک ضروری تبدیلیاں کی جاتی ہیں سمری کی درستگی، روانی اور غلطیوں سے پاک کرنے کے لیے خلاصہ شدہ نسخہ ضروری ہے۔

For the Teacher:

- Help students use paraphrasing skills to paraphrase stanza by marking through groups in the stanza by restating the message in simple prose and by replacing poetic words with simple ones.

بند میں گروپ بنا کر اس کی تشریح کرنے کے لئے تشریح کرنے کے فنون استعمال کرنے میں طلباء کی مدد کریں۔ یہ کام سادہ نثر میں پیغام چیک کر کے اور شاعرانہ الفاظ کی جگہ سادہ الفاظ لا کر ہو سکتا ہے۔

- Help students understand and apply the summary writing skills to write summary of the poem.

نظم کا خلاصہ لکھنے کے لیے سمری لکھنے کے فنون کو سمجھنے اور ان کو لاگو کرنے میں طلباء کی مدد کریں۔

B. Write a summary of the poem "Daffodils".

Ans. See the part on Summary.

Oral Communication Skills: (زبانی روابط کی مہارتیں)

Express satisfaction/dissatisfaction
اطمینان/عدم اطمینان کا اظہار کریں۔

Useful phrases to express satisfaction:
اطمینان کا اظہار کرنے کے لیے مفید جملے

a. Yes, please. — ہاں مہربانی
b. Really! You did very well. — واقعی آپ کی کارکردگی اچھی ہے۔
c. I am happy to find this out. — یہ جان کر مجھے خوشی ہوئی ہے۔
d. I trusted you a lot and you proved it. — مجھے آپ پر بہت اعتماد تھا اور آپ نے یہ ثابت کر دیا۔

Useful phrases to express dissatisfaction:
عدم اطمینان کا اظہار کرنے کے لیے مفید جملے

a. No, please. — نہیں مہربانی
b. I am sorry but I am not happy with the result. — افسوس لیکن آپ کے نتیجہ سے خوش نہیں۔
c. You disappointed me. — تم نے مجھے مایوس کیا۔
d. I regret on having given you the responsibility. — آپ کو ذمہ داری سونپ کر مجھے افسوس ہے۔

A. Use the language of satisfaction and dissatisfaction and act out role-plays on the following situations.

اطمینان اور عدم اطمینان کی زبان استعمال کریں اور درج ذیل مواقع کے لیے کردار ادا کریں۔

1. Father is dissatisfied with the performance of his son in the matriculation exam. However, the son shows satisfaction over his result.

میٹرک کے امتحان میں بیٹے کی کارکردگی پر باپ مطمئن نہیں تاہم بیٹا نتیجے پر اطمینان کا اظہار کرتا ہے۔

Ans. 1. Father: You have disappointed me about your result.
Son: No, sorry you should not think so.
Father: Your result has shocked me.

Son: No please. Give me a chance. I fell ill. Now, you will find it totally different.

2. You are satisfied with your performance in the debates. Your teacher however expresses dissatisfaction and asks you to improve your presentation skills.

مباحثے میں کارکردگی پر آپ مطمئن ہیں لیکن آپ کے استاد عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہیں۔ اور آپ سے ادائیگی کا طریقہ بہتر کرنے کا کہتے ہیں۔

Ans.2. Student: How well I fared in the debate!
Teacher: No sorry.
Student: I did as you guided.
Teacher: I trusted you but you did not prove it.

3. Your friend is satisfied in getting cricket match tickets. On the contrary, you express dissatisfaction on the types of seats allotted to you in the stadium.

کرکٹ میچ ٹکٹ حاصل کرنے پر آپ کا دوست مطمئن ہے۔ اس کے برعکس سٹیڈیم میں نشستوں کی حصولی کے بارے میں آپ عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہیں۔

Ans. 3. Congratulations, I have succeeded in getting tickets.
No, please.
Why?
The seats got by you are very far away.
But we can witness the match from there as well.
But it is not as enjoyable to watch sitting at the corner as the centre. You have disappointed me.

ADDITIONAL EXERCISES

Q.1. Choose the word with correct spellings.

1.	wandered	wandared	wendered	wandarad
2.	veals	vails	valase	vales
3.	dafodils	daffodels	daffodals	daffodils
4.	fluttering	flutering	fluttring	fluttaring
5.	breaze	breeze	breez	breize
6.	twenkle	twankle	twinkle	twinkal
7.	stratched	stretched	streached	stretchd
8.	sprieghtly	spraightly	spreightly	sprighty
9.	sparkling	sparakling	sparkleng	sparklang
10.	jacund	jocand	jocund	jocond
11.	pansive	penseve	ponsive	pensive
12.	inward	enward	inwerd	inword
13.	soletude	solatude	solitude	salitude
14.	pleasure	pleasuere	pleisure	plaesure

Q.2. Choose the correct meaning of the underlined words.

1. Wandered means:	a. roamed	b. ran	c. stopped	d. held
2. Host means:	a. one	b. team	c. flower	d. group
3. Flutter means:	a. move	b. fluctuate	c. run	d. work
4. Twinkle means:	a. flush	b. blush	c. shine	d. mine
5. Sprightly means:	a. playful	b. sad	c. sorrowful	d. dejected
6. Out-did means:	a. liked	b. resembled	c. surpassed	d. said
7. Sparkling means:	a. active	b. shining	c. running	d. flowing
8. Jocund means:	a. blissful	b. sad	c. loathsome	d. bad
9. Gaze means:	a. see	b. watch	c. overlook	d. look fixedly
10. Pensive means:	a. meditative	b. active	c. alert	d. flirt
11. Solitude means:	a. company	b. band	c. group	d. loneliness

Answers: 1.a 2.d 3.b 4.c 5.a 6.c 7.b 8.a 9.d 10.a 11.d

Q.3. Answer the following questions.

1. How was the poet wandering?
شاعر کس طرح گھوم پھر رہا تھا؟

Ans. The poet was wandering as a cloud.
شاعر بادل کی طرح گھوم پھر رہا تھا۔

2. What did the poet see?
شاعر نے کیا دیکھا؟

Ans. The poet saw a group of golden daffodils.
شاعر نے سنہری آبی نرگس کا جتھا دیکھا۔

3. How were they shining?
وہ کس طرح چمک رہے تھے؟

Ans. They were shining like stars in the milky way.
وہ کہکشاں پر ستاروں کی طرح چمک رہے تھے۔

4. How many were the daffodils?
آبی نرگس کتنے زیادہ تھے؟

Ans. They were ten thousand when he saw them.
جب اس نے دیکھا وہ دس ہزار تھے۔

5. With whom does the poet compare their dance?
شاعر ان کے رقص کا کس چیز سے تقابل کرتا ہے؟

Ans. He compares their dance with sparkling waves but they surpass the waves.
وہ ان کے رقص کا چمکتی شعاعوں سے تقابل کرتا ہے لیکن وہ ان سے سبقت لے جاتے ہیں۔

6. What did the poet feel in that company?
اس محفل میں شاعر نے کیا محسوس کیا؟

Ans. The poet felt very happy in that jocund company.
اس خوش کن محفل میں شاعر نے خوشی محسوس کی۔

7.What does the poet feel when his heart is filled with pleasure?
جب دل خوشی سے معمور ہو جاتا ہے تو شاعر کیا محسوس کرتا ہے؟

Ans. His heart begins to dance with daffodils when it is filled with pleasure.
جب شاعر کا دل خوشی سے معمور ہو جاتا ہے تو آبی نرگس کے ساتھ رقص کرنے لگ جاتا ہے۔

Q.4. Choose the correct option according to grammar and fillup the bubbles.

(1) He has a heart of lion. The underlined word is
a. simile b. personification c. imagery d. metaphor

(2) There were huge trees in the thick forest. The underlined words are imagery
a. auditory b. tactile c. gustatory d. visual

(3) I like to play chess. The underlined is
a. participle b. infinitive c. gerund d. metaphor

(4) She is standing here? The underlined word is an adverb of
a. manner b. number c. time d. place

(5) It is raining heavily. The underlined word is an adverb of
a. manner b. number c. time d. place

(6) "As busy as a bee" is an example of
(a) simile (b) metaphor (c) personification (d) imagery

(7) He used to go for a morning walk. Here used to is used to indicate
(a) certainty (b)probability (c) permission (d) past habit

(8) Courage is a/an
(a) material noun (b) collective noun (c)uncountable noun (d) abstract noun

(9) Which of the following does not mean the same as manifold?
(a) various (b) few (c) many (d) diverse

Ans. 1.d 2.d 3.b 4.d 5.a 6.a 7.d 8.d 9.b